# مئی 2026 کی پیش رفت رپورٹ: تازہ ترین خلاصہ

20 مئی 2026 کو شائع کی گئی

**مشمولات**


جائزہ ........ 2
تعارف ........ 2
کام مکمل کرنے اور نتائج فراہم کرنے کا وقت کا تعین ........ 2
وسیع تر اصلاحات کی تازہ کاری ........ 2
ریمیڈیشن ایکسیلیریشن پلان یعنی خرابیوں کو تیزی سے درست کرنے کا منصوبہ (RAP) ........ 2
زیادہ خطرے والا نظام ........ 3
سماجی رہائش کے نظام میں اصلاحات ........ 3
شفافیت اور نگرانی ........ 4
سفارشات پر اپ ڈیٹ کا خلاصہ ........ 5
تعمیراتی صنعت ........ 5
سنگل کنسٹرکشن ریگولیٹر ........ 5
منظور شدہ دستاویزات ........ 5
تعمیراتی مصنوعات میں اصلاحات ........ 5
فائر رسک اسیسرز ........ 6
فائر انجینئرزفائر انجینئرز ........ 6
بلڈنگ کنٹرول ........ 6
آگ بجھانے اور بچاؤ کی خدمات ........ 6
فائر اینڈ ریسکیو کالج ........ 6
ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی اور بعد میں بحالی کے اقدامات ........ 6
کمزور افراد ........ 7
رہائشی ذاتی ہنگامی انخلاء کے منصوبے (Residential PEEPs) ........ 7

## جائزہ

| موضوع | سفارشات کی تعداد | عمل جاری ہے | مکمل شدہ |
|---|---|---|---|
| تعمیراتی صنعت | 28 | 20 | 8 |
| آگ بجھانے اور بچاؤ کی خدمات | 13 | 9 | 4 |
| ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی اور بعد میں بحالی کے اقدامات | 14 | 9 | 5 |
| کمزور لوگ اور پہلے مرحلے کی سفارشات | 6 | 2 | 4 |
| **کُل** | **61** | **40** | **21** |

## تعارف

یہ حکومت کی گرینفل ٹاور انکوائری کے فیز 2 کی سفارشات پر چوتھی تازہ ترین پیش رفت رپورٹ ہے۔

یہ پیش رفتی رپورٹ درج ذیل کے ساتھ شائع کی گئی ہے:

- فائر اینڈ ریسکیو کالج کی مشاورت
- عمارتوں کے پیشوں، تجارتوں اور شعبوں کے دائرہ کار پر شواہد جمع کرنے کی اپیل
- بلڈنگ کنٹرول آزاد پینل کی رپورٹ اور حکومت کا جواب
- عوامی شمولیت کی پالیسی
- OPSS نے تعمیراتی مصنوعات پر تحقیق کی ہے

فروری 2026 میں شائع ہونے والی سالانہ رپورٹ کے بعد ہم نے مزید 9 سفارشات مکمل کر لی ہیں۔ سفارشات 22، 23، 27 اور 28 تعمیراتی صنعت سے متعلق ہیں، جبکہ 51، 52، 53، 54 اور 55 ردعمل اور بحالی سے متعلق ہیں۔

ہم اب بھی اس بات کے پابند ہیں کہ تمام 58 سفارشات پر عمل کریں اور انکوائری کے نتائج کو حل کریں۔

## کام مکمل کرنے اور نتائج فراہم کرنے کا وقت کا تعین

ہم اب بھی یہ توقع رکھتے ہیں کہ تمام سفارشات 2029 کے آخر تک نافذ کر دی جائیں گی۔ یہ اس لیے ہے کہ کچھ اقدامات کےلیے پارلیمنٹ میں نیا قانون لانا ضروری ہوتا ہے۔ باقی رہ جانے والی سفارشات پر عمل جاری ہے۔

عمل درآمد کا ٹائم لائن ہمارے تازہ ترین اہداف اور منصوبوں کے مطابق اپ ڈیٹ کیا گیا ہے۔

## وسیع تر اصلاحات کی تازہ کاری

### ریمیڈیشن ایکسیلیریشن پلان یعنی خرابیوں کو تیزی سے درست کرنے کا منصوبہ (RAP)

وزارت برائے ہاؤسنگ، کمیونٹیز اور لوکل گورنمنٹ (MHCLG) ان رہائشی عمارتوں کی مرمت کے عمل کی نگرانی کرتی ہے جو 11 میٹر سے زیادہ اونچی ہیں اور جن پر خطرناک کلیڈنگ لگی ہوئی ہے۔ مارچ 2026 تک MHCLG ان میں سے 4,322 عمارتوں کی نگرانی کر رہا تھا۔

یہ اندازہ ہے کہ یہ تعداد ان رہائشی عمارتوں کا تقریباً 50% سے 76% بنتی ہے جنہیں MHCLG کے مرمت کے پروگراموں میں شامل ہونے کی توقع ہے۔

مجموعی طور پر 2,399 عمارتوں میں مرمت کا کام شروع ہو چکا تھا (جو کہ نگرانی میں شامل عمارتوں کا 56% ہے)۔ مرمت کا کام 1,531 عمارتوں میں مکمل ہو چکا ہے (جو کہ نگرانی میں شامل عمارتوں کا 35% ہے)۔

اس میں پیش رفت درج ذیل عمارتوں پر شامل ہے:

- زیادہ اونچی عمارتیں (18 میٹر سے زیادہ بلند)
- درمیانی اونچائی والی عمارتیں (11 سے 18 میٹر کے درمیان)

## زیادہ خطرے والا نظام

ہم "ہائی رسک بلڈنگ کنٹرول رجیم" کے کچھ حصوں کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ اس کا اطلاق مناسب اور متوازن طریقے سے ہو۔ ہم ایسا نظام چاہتے ہیں جو ان کے درمیان درست توازن قائم کرے:

- حفاظتی لحاظ سے اہم کاموں کی سخت اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنانا
- تعمیراتی کاموں کو مؤثر طریقے سے اور بغیر غیر ضروری تاخیر کے آگے بڑھنے دینا
- درخواست دہندگان پر حد سے زیادہ دستاویزی (کاغذی کارروائی) بوجھ سے بچنا

ہمارا مقصد ان حفاظتی اصولوں کو برقرار رکھنا ہے جو ہائی رسک بلڈنگ کنٹرول نظام کا بنیادی مقصد ہیں۔ متناسب طریقہ اپنانا حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہے۔

ہائی رسک بلڈنگ کنٹرول نظام اس لیے متعارف کرایا گیا تھا کہ عمارت کی پوری زندگی میں حفاظت اور معیار کو شامل کیا جا سکے۔ تاہم، یہ واضح ہو گیا ہے کہ نظام کے کچھ پہلو اس طرح کام نہیں کر رہے جیسے ان کا ارادہ تھا۔ ہم جانتے ہیں کہ نظام کے کچھ حصے غیر متناسب سمجھے جاتے ہیں اور شاید اس کی کارکردگی کم کر رہے ہیں۔

ہم اس وقت اس بارے میں مشاورت کر رہے ہیں کہ کچھ چھوٹے پیمانے کے تعمیراتی کاموں کو زیادہ خطرے والی عمارتوں کے نظام اور مجموعی عمارتوں کے کنٹرول کے نظام کے اندر کیسے شامل کیا جائے یا ان کےلیے قواعد کیسے تبدیل کیے جائیں۔ یہ مشاورت جو زیادہ خطرے والی عمارتوں کے کام کی درجہ بندی سے متعلق ہے، 26 مارچ کو شروع ہوئی تھی اور یہ28 مئی 2026 تک کھلی رہے گی۔

ٹیلی کمیونیکیشن کے کاموں کے بارے میں ایک مشاورت 27 جنوری سے 24 مارچ 2026 تک جاری رہی۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ حکومت اپنا جواب آنے والے مہینوں میں جاری کرے گی۔

## سماجی رہائش کے نظام میں اصلاحات

ہم "رائٹ ٹو مینج" (Right to Manage) کے قواعد اور رہنمائی کا جائزہ جاری رکھے ہوئے ہیں، جو ٹیننٹ مینجمنٹ آرگنائزیشنز (TMOs) کے قیام، ان کے کام کرنے کے طریقے اور ان کی نگرانی کو کنٹرول کرتے ہیں۔ مارچ اور اپریل 2026 کے دوران ہم نے ماہرین کا ایک گروپ بنایا، تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ زیادہ کرایہ داروں کو کیسے ترغیب دی جائے اور مدد دی جائے کہ وہ اپنے گھروں کے انتظام کو خود سنبھالنے کےلیے "رائٹ ٹو مینج" استعمال کر سکیں، مناسب رہنمائی اور نگرانی کے ساتھ یہ جائزہ اس بات کو بھی دیکھ رہا ہے کہ موجودہ قوانین میں کون سی رکاوٹیں ہیں جو TMOs کے مؤثر کام اور نگرانی میں مشکل پیدا کرتی ہیں، اور یہ بھی کہ نئے TMOs کے قیام کو کیسے زیادہ آسان اور حوصلہ افزا بنایا جا سکتا ہے۔

ہم سوشل ہاؤسنگ فراہم کرنے والوں کی مدد کےلیے مزید اقدامات بھی کر رہے ہیں تاکہ وہ کرایہ داروں کے ساتھ مل کر اپنی رہائشی خدمات کے معیار کو بہتر بنا سکیں اور ان کے ساتھ رابطہ اور شمولیت کو مضبوط بنا سکیں۔ 2 اپریل 2026 کو سوشل ہاؤسنگ انوویشن فنڈ نے 20 تنظیموں کو 2 ملین پاؤنڈ کی گرانٹ دی، تاکہ وہ رہائشیوں (کرایہ داروں) کی شمولیت کے نئے اور مؤثر طریقے تیار اور آزما سکیں۔ بارونیس ٹیلر (Baroness Taylor) نے ایک گول میز اجلاس کی میزبانی کی، جس میں کرایہ داروں، مالکان اور شعبے کے نمائندے شامل تھے، تاکہ اس بات پر غور کیا جا سکے کہ کرایہ دار، سوشل ہاؤسنگ فراہم کرنے والے اور حکومت مل کر کیسے کام کر سکتے ہیں تاکہ کچھ رہائشیوں کو جو بدنامی یا منفی رویے کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس مسئلے کو ختم کیا جا سکے۔

کرایہ داروں کی شمولیت ہمارے کام کا ایک اہم حصہ ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ سوشل ہاؤسنگ پالیسی سے متعلق فیصلوں میں رہائشیوں کی آواز سنی جائے۔ ہم رہائشیوں کے ساتھ رابطہ رکھنے کےلیے یہ طریقے استعمال کر رہے ہیں:

- ایک سوشل ہاؤسنگ رہائشی اسٹیک ہولڈر فورم

- ہمارا رہائشی پینل

حال ہی میں رہائشی پینل نے بارونیس ٹیلر (Baroness Taylor) سے ملاقات کی اور رہائش کی رسائی اور سروس چارجز پر بات چیت کی۔

ہم اس عزم کو آگے بڑھا رہے ہیں کہ Freedom of Information Act 2000 کو ٹیننٹ مینجمنٹ آرگنائزیشنز (TMOs) تک بھی بڑھایا جائے۔ اس کا مقصد شفافیت اور جوابدہی کو مضبوط بنانا ہے، تاکہ TMOs کے کرایہ داروں کو بھی وہی قانونی حق حاصل ہو کہ وہ اپنی رہائش کے انتظام سے متعلق معلومات تک رسائی حاصل کر سکیں، جیسے دوسرے مقامی حکومت کے کرایہ داروں کو حاصل ہے۔ ہم نے حال ہی میں TMOs کے ساتھ براہِ راست ایک ہدفی مشاورت کی، جو 8 مئی 2026 کو ختم ہو گئی۔ اب ہم مشاورت کے تمام جوابات کو غور سے دیکھیں گے، اور اس کے بعد اگلے اقدامات طے کریں گے۔

حکومت اس بات کےلیے پُرعزم ہے کہ سوشل ہاؤسنگ کے شعبے کےلیے ریگولیشن (قواعد) اور شکایات کے ازالے کے نظام کا مسلسل جائزہ لیا جاتا رہے۔ اسی عزم کے تحت حکومت نے ایک چار سالہ جائزہ بھی شروع کیا ہے، جس میں حالیہ اصلاحات کا اثر دیکھا جائے گایہ اصلاحات سوشل ہاؤسنگ کے معیار کو بہتر بنانے اور کرایہ داروں کو مزید بااختیار بنانے کےلیے کی گئی تھیں۔ یہ جائزہ مختلف سرکاری محکموں اور شعبے کے اعداد و شمار استعمال کرے گا تاکہ یہ اندازہ لگایا جا سکے کہ حکومت کی یہ اصلاحات کتنی مؤثر ثابت ہوئیں اور ان کا کرایہ داروں پر کتنا عملی اثر پڑا ہے۔

## شفافیت اور نگرانی

مارچ 2026 میں پبلک ایڈمنسٹریشن اینڈ آئینی امور کی کمیٹی (PACAC) نے زبانی شواہد کے سیشن منعقد کیے۔ حکومت نے بھی اس عمل کے حصے کے طور پر اپنے شواہد جمع کرائے ہیں اور آئندہ بھی اس عمل کے ساتھ منسلک رہے گی۔ یہ ایک یاد دہانی ہے جو فروری کی سالانہ رپورٹ میں دی گئی تھی۔

حکومت اور پارلیمنٹ دونوں کا اہم کردار ہے کہ وہ نگرانی، جوابدہی اور جانچ پڑتال کو یقینی بنائیں۔

### حکومت کیا کر رہی ہے

حکومت اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ ماضی میں انکوائریوں (تحقیقات) میں جو سفارشات دی گئیں، انہیں بعض اوقات قبول تو کر لیا گیا لیکن ان پر مکمل عمل درآمد نہیں ہو سکا۔ جولائی 2025 میں ہم نے پہلی بار پبلک انکوائریز (عوامی تحقیقات) کی سفارشات اور حکومت کے جواب کے ڈیش بورڈز شروع کیے، تاکہ سفارشات پر عمل درآمد کو ٹریک کیا جا سکے۔ یہ ڈیش بورڈز اپ ڈیٹ ہوتے رہیں گے اور ان میں 2024 کے بعد کی تمام انکوائریز شامل کی جائیں گی، اور ہر تین ماہ بعد ان کی تازہ کاری کی جائے گی۔ یہ ڈیش بورڈز ایک مستقل نظام کے طور پر کام کریں گے تاکہ حکومت کی طرف سے سفارشات پر عمل درآمد کی نگرانی اور ٹریکنگ کی جا سکے۔ یہ نظام ایک مستقل طریقہ ہو گا جس کے ذریعے حکومت یہ دیکھ سکے گی کہ انکوائریوں کی سفارشات پر عمل ہو رہا ہے یا نہیں۔ شفافیت کے لیے یہ عزم عوامی نگرانی اور معلومات تک رسائی دونوں کو بہتر بناتا ہے، جو اس سفارش کے مطابق ہے۔ اب یہ سفارش بند کر دی گئی ہے اور اس پر مکمل طور پر عمل درآمد ہو چکا ہے۔

حکومت اس بات کے مختلف طریقے تلاش کرتی رہتی ہے جن سے عوامی انکوائریوں کی جانب سے دی گئی سفارشات کے بارے میں شفافیت اور جوابدہی کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ ہم اُن گروہوں کی آراء سنتے رہیں گے جو عوامی انکوائریوں سے متاثر ہوئے ہیں، تاکہ حکومت کی جانب سے انکوائری سفارشات پر عملدرآمد کی پیش رفت کی مناسب نگرانی اور جانچ پڑتال کی جا سکے۔

### پارلیمنٹ کیا کر رہی ہے

پبلک ایڈمنسٹریشن اینڈ آئینی امور کی کمیٹی (PACAC) اور لائیزن کمیٹی اس بات پر کام کر رہی ہیں کہ سفارشات پر پارلیمانی نگرانی کو کیسے مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ Infected Blood Inquiry کی رپورٹ میں پارلیمنٹ کےلیے دو اہم شعبوں میں سفارشات شامل ہیں: ایک یہ کہ عوامی انکوائریز کے مطالبات پر کیسے ردعمل دیا جائے،

اور دوسرا یہ کہ مستقبل کی انکوائریز سے نکلنے والی سفارشات پر عملدرآمد کی نگرانی کیسے کی جائے۔ نتیجتاً، دسمبر 2025 میں PACAC نے ایک انکوائری شروع کی جو ان مسائل کا جائزہ لے گی، تاکہ Infected Blood Inquiry کی وسیع سفارشات پر غور کرنے میں مدد مل سکے اور مستقبل کی دیگر انکوائریوں کےلیے بھی طریقہ کار کی رہنمائی ہو سکے۔

## سفارشات پر اپ ڈیٹ کا خلاصہ

یہ حصہ ان کاموں کے خلاصے کی تازہ کاری دیتا ہے جو فروری 2026 کی سالانہ رپورٹ کے بعد سے سفارشات پر عملدرآمد کےلیے کیے گئے ہیں۔ یہ خلاصہ ان موضوعات کے تحت ترتیب دیا گیا ہے جو انکوائری نے استعمال کیے تھے۔

آپ درج ذیل لنکس کے ذریعے تمام سفارشات کی تفصیلی تازہ ترین معلومات حاصل کر سکتے ہیں:

- تعمیراتی صنعت
- آگ اور ریسکیو خدمات
- ردعمل اور بحالی
- کمزور لوگ اور پہلے مرحلے کی سفارشات

## تعمیراتی صنعت

### سنگل کنسٹرکشن ریگولیٹر

جنوری 2026 میں بلڈنگ سیفٹی ریگولیٹر کو وزارت برائے ہاؤسنگ، کمیونٹیز اور لوکل گورنمنٹ کا ایک نیا خودمختار ادارہ بنایا گیا۔ اس سے پہلے یہ ادارہ ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹو کا حصہ تھا۔ یہ ایک اہم قدم ہے جو انکوائری کی اس سفارش پر عملدرآمد کی طرف لے جاتا ہے کہ نظام میں بکھراؤ (fragmentation) کم کیا جائے اور ایک ہی "سنگل کنسٹرکشن ریگولیٹر" بنایا جائے۔

17 دسمبر 2025 کو ہم نے "سنگل کنسٹرکشن ریگولیٹر پراسپیکٹس: مشاورتی دستاویز" شائع کی۔ اس پروسپیکٹس نے حکومت کے اس عزم کی تصدیق کی کہ انکوائری کی سفارش پر عمل کیا جائے گا، اور ساتھ ہی یہ بھی بتایا کہ ہم اس سے آگے بڑھ کر ایک سنگل ریگولیٹر بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس پر ہونے والی مشاورت 20 مارچ 2026 کو ختم ہوئی۔ اب ہم ان تمام جوابات کا تفصیل سے جائزہ لے رہے ہیں۔ اور ہمارا منصوبہ ہے کہ اس مشاورت کا حکومتی جواب جون 2026 تک شائع کیا جائے گا۔

### منظور شدہ دستاویزات

25 مارچ 2026 کو بلڈنگ سیفٹی ریگولیٹر نے ایک مشاورتی عمل شروع کیا جس میں مجوزہ تبدیلیوں پر رائے مانگی گئی ہے جو قانونی فائر سیفٹی رہنمائی "Approved Document B" سے متعلق ہیں۔ یہ مشاورت 1 جولائی 2026 تک کھلی رہے گی۔

### تعمیراتی مصنوعات میں اصلاحات

فروری 2026 میں حکومت نے Construction Products Reform White Paper شائع کی۔ اس وائٹ پیپر میں طویل مدتی اور پورے نظام میں اصلاحات کے عزم کی تصدیق کی گئی ہے، اور یہ فروری 2025 میں شائع ہونے والی "گرین پیپر" مشاورت کے جواب میں تیار کیا گیا ہے۔ یہ وائٹ پیپر بتاتا ہے کہ حکومت انکوائری کی سفارشات 13، 14 اور 24 کو آگے کیسے بڑھا رہی ہے۔ اس اصلاحاتی عمل کو تیز کرنے کےلیے، حکومت نے ساتھ ہی ایک مشاورت بھی شروع کی ہے جس کا مقصد ایک عمومی حفاظتی تقاضا متعارف کروانا ہے، تاکہ جو مصنوعات ابھی ریگولیٹری نظام کے تحت نہیں آتیں، انہیں بھی اس نظام میں شامل کیا جا سکے۔ دونوں مشاورتیں 20 مئی 2026 کو ختم ہو جائیں گی، جس کے بعد ہم جوابات کا تجزیہ کریں گے اور آئندہ اقدامات طے کریں گے۔

### فائر رسک اسیسرز

26 مارچ 2026 کو ہم نے [ایک مشاورت شائع کی]، جو اس عزم کا حصہ ہے کہ فائر رسک اسیسرز کےلیے لازمی سرٹیفیکیشن متعارف کروایا جائے، اور یہ اقدام انکوائری کی سفارش 26 کے جواب میں کیا جا رہا ہے۔ یہ مشاورت 12 ہفتوں تک جاری رہے گی اور 18 جون 2026 کو ختم ہو گی۔

اس کا مقصد فائر رسک اسیسمنٹس کے معیار کو بہتر بنانا ہے اور یہ یقینی بنانا ہے کہ جو لوگ یہ جائزے کرتے ہیں ان کے پاس مناسب مہارت اور قابلیت موجود ہو۔

### فائر انجینئرزفائر انجینئرز

مارچ 2026 میں اعلان کیا گیا کہ فائر انجینئرنگ کے شعبے میں اصلاحات کے اگلے مرحلے کےلیے 15£ ملین دستیاب ہوں گے۔ اس فنڈنگ میں یہ اقدامات شامل ہیں:

- فائر انجینئرنگ کے کورسز تیار کرنا
- طلبہ کےلیے بَرسریز یعنی اسکالرشپ فراہم کرنا
- تحقیق اور تعلیمی صلاحیت کو مضبوط کرنا

ایک مؤثر ریگولیٹری نظام کےلیے ضروری ہے کہ اس شعبے میں ماہر افراد کی مسلسل اور مضبوط تعداد (pipeline) موجود ہو۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ یہ فنڈنگ اس مقصد کو حاصل کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرے گی۔

### بلڈنگ کنٹرول

مارچ 2026 میں پینل نے اپنی رپورٹ بلڈنگ سیفٹی وزیر، چیف کنسٹرکشن ایڈوائزر اور بلڈنگ سیفٹی ریگولیٹر کو بھیج دی۔

اس پیش رفتی رپورٹ کے ساتھ ساتھ، [حکومت نے بلڈنگ کنٹرول انڈیپنڈنٹ پینل کی رپورٹ] اور [اس پر حکومت کا جواب بھی شائع کر دیا ہے۔]

رپورٹ اس تازہ کاری کے ساتھ ساتھ اصولوں کی حمایت اور آئندہ اقدامات بھی واضح کرتی ہے۔

## آگ بجھانے اور بچاؤ کی خدمات

### فائر اینڈ ریسکیو کالج

اس پیش رفتی رپورٹ کے ساتھ ساتھ، ہم [نے ایک نئی فائر اینڈ ریسکیو کالج کے قیام کے بارے میں ایک مشاورت شروع کی ہے۔]

اس مشاورت میں کئی ممکنہ شعبے بیان کیے گئے ہیں جہاں یہ کالج فائر اور ریسکیو شعبے اور عوام کےلیے عملی فائدے دے سکتا ہے: یہ شعبے یہ ہیں: قیادت اور کمانڈ، بھرتی اور تربیت، قومی معیار، تحقیق اور ڈیٹا، ثقافت اور دیانت داری، صحت اور فلاح و بہبود، اور نگرانی و یقین دہانی۔ یہ ممکنہ کام انکوائری کی سفارشات پر مبنی ہیں اور ان شعبوں کو بھی شامل کرتے ہیں جہاں ہم مزید آگے بڑھ کر ان مواقع سے مکمل فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو اس کالج کے قیام سے حاصل ہو سکتے ہیں۔ یہ مشاورت اس بارے میں بھی رائے طلب کرتی ہے کہ اس کالج کےلیے کون سا طریقۂ کار اور فنڈنگ کا نظام سب سے زیادہ مناسب ہو گا۔

## ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی اور بعد میں بحالی کے اقدامات

ہم نے مقامی سطح پر ہنگامی حالات سے نمٹنے کی صلاحیت (local resilience capability) کو بہتر بنایا ہے، جس میں تازہ کردہ معیارات، ہم مرتبہ جائزہ اور بہتر تربیت و رہنمائی شامل ہیں۔ کابینہ آفس نے لوکل ریزیلینس فورمز (LRFs) کےلیے نیشنل ریزیلینس اسٹینڈرڈز کو تازہ کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے۔ یہ اپ ڈیٹ ابتدائی فیڈبیک کی بنیاد پر، اور مقامی ریسپانڈرز کے ساتھ مل کر تیار کی جا رہی ہے۔ اس کو اپ ڈیٹ شدہ نیشنل اوکیوپیشنل اسٹینڈرڈز اور تربیت سے متعلق واضح تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ کیا جائے گا۔

LRFs کے ساتھ مل کر تیار کیا گیا ایک "پیئر ریویو ماڈل" بنایا گیا ہے اور اسے ستمبر 2026 تک بطور پائلٹ چلایا جائے گا، جس کے بعد اس میں بہتری لائی جائے گی۔ وزارت برائے ہاؤسنگ، کمیونٹیز اور لوکل گورنمنٹ (MHCLG) نے مقامی حکومت کےلیے ریزیلینس ٹریننگ کا ایک پائلٹ پروگرام شروع کیا ہے، جس کا پہلا تربیتی دن مارچ 2026 میں ہوا۔ اب اس کا مکمل جائزہ لیا جا رہا ہے، اور ستمبر 2026 کے بعد ایک مستقل رولنگ پروگرام شروع کرنے کے منصوبے بن رہے ہیں۔ MHCLG 2018 میں جاری کی گئی "چیف ایگزیکٹو ریزیلینس گائیڈنس" کو اس سال کے آخر میں اپ ڈیٹ کر رہا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ ذمہ داریوں کو واضح کیا جائے، Grenfell سے متعلق متعلقہ سفارشات کو شامل کیا جائے، اور مالی معاونت اور سوشل ورکرز کے کردار سے متعلق بہترین طریقۂ کار کو عام کیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ تمام متعلقہ وسائل کو اگست 2026 تک resilience.gov.uk پر یکجا کیا جائے گا۔

## کمزور افراد

### رہائشی ذاتی ہنگامی انخلاء کے منصوبے (Residential PEEPs)

فائر سیفٹی (رہائشی انخلاء منصوبے) (انگلینڈ) کے ضوابط 6 اپریل 2026 کو نافذ العمل ہو گئے۔ اس قانون کے تحت تمام بلند اور زیادہ خطرے والی رہائشی عمارتوں میں رہائشی PEEPs (Personal Emergency Evacuation Plans) لازمی ہیں۔ پالیسی کا باقی حصہ، یعنی فلیٹ کے اندر موجود خطرات اور ان کے تدارک پر غور کو لازمی بنانا، بنیادی قانون سازی (primary legislation) کی ضرورت رکھتا ہے۔ حکومت نے عہد کیا ہے کہ جب پارلیمنٹ میں وقت دستیاب ہو گا تو اسے نافذ کیا جائے گا۔

2 دسمبر 2025 کو ہم نے ذمہ دار افراد کےلیے قانونی رہنمائی جاری کی تاکہ وہ Residential PEEPs پر عمل درآمد میں مدد حاصل کر سکیں۔ یہ رہنمائی ایک "Responsible Person's Toolkit" کے ساتھ شائع کی گئی، جس میں ایسے آزمودہ اور مؤثر طریقے شامل ہیں جو ان ضوابط کے مطابق ہیں۔ ہم نے 6 اپریل 2026 کو، جب یہ ضوابط نافذ ہوئے، اسی دن ایک "ایزی ریڈ یعنی آسانی سے پڑھنے والی" دستاویز بھی شائع کی جس میں Residential PEEPs کے عمل کو سادہ اور آسان زبان میں سمجھایا گیا ہے۔